فلمستان کا

اداکاران

شیاملہ - رونق - پرکاش

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱
خوبصورت دھوکہ کے گانے

ہے ریلو تو تتا تو تو تتا لارا

تیری آنکھ نے تیر سے ہائے میری

ذرا سی جان نے میری ڈرا مارا — ہے ریلو

رات حسین دور رہیں موڑوں سے کھیلے سپنا

پیار نہیں یار نہیں دل کیسے دے کے ہو حسینہ

ایسے جیت کے تو نظروں کی بازی کھیلا کری دو جہاں جیو

ڈرا مارا

——— ہے ریلو

ڈالے نظر تو جو ادھر دھڑکے میرا دل تھوڑا

کانٹے لگی پیا اب لگی رہے ہیں تجھے تھوڑا تھوڑا

نہ آگ یہ سمندروں کا پانی بجھے یہ تیری جوانی

ڈرا مارا ——— ہے ریلو

تاچے وہ کیا آگ سے تو کیا جیل ہے تیری قفس میں

آیا ہمرا تجھ کو تو کیسا پیار کر کے یوں بس میں

تیرے جال میں پھنسی ہوں ہائے پیاری نگاہوں کے شکاری

ڈرا مارا ——— ہے ریلو

گانا نمبر ۲

کسی کا دل چرا لینا بڑی پیاری شرارت ہے

گلہ ہم کیا کریں اس کا حسینوں کی یہ عادت ہے

کسی کا دل

جو دلکو چرائے اسی کو دل چاہے عجب ہے فسانا دل کا
جو اپنا بنائے اسی کا بن جائے چلن ہے پرانا دل کا
قسم اپنی کہ اس دل کی بڑی بھولی طبیعت ہے

کسی کا دل

نگاہیں ملانا ادائیں ظلم ڈھانا ہو جائیں نذرانہ ہی سہی
کسی پہ مرجانا ہے جینے کا بہانا دل اپنا دیوانہ ہی سہی
مریں نا کیوں خوشی سے یوں اگر قاتل خوبصورت ہے

کسی کا دل

نظر ملائے تو سر کو جھکائے شرم کے بہانے سے کوئی
غضب ادا دکھائے حسیں بن جائے بدن کو چرائے سے کوئی
یہ شرمانا یہ گھبرانا ادا ہے یا قیامت ہے

کسی کا دل

جھلک دکھلا نا دکھا کے چھپ جانا نظر بھی لگانے کوئی کیا
دلمیں سمانا سما کے ترسانا ستم ہے ستانے کوئی کیا
ادھر پردے کی عادت ہے ادھر جلوے کی حسرت ہے

کسی کا دل

گانا نمبر ۳

میری نظروں نے باندھا نشانا دل بچانا بچانا بچانا
تیر سیدھے پہ نا کھا کے جانا دل بچانا بچانا بچانا

شوخ جلوے ادائیں ہیں بانکی آنکھ والو نہیں خیر جاں کی
جو نہ مانے وہ ہوگا دیوانہ دِل بچاتا بچانا بچانا
کہتی ہیں آنکھوں کو چپ زبانیں ہیں آہی عمر کی داستانیں
یہی ہوتا ہے نازک زمانہ دِل بچانا بچانا بچانا
دیکھنے ہونے کو لاکھوں حسیں ہیں
اجی ہم بھی تو کچھ کم نہیں ہیں
ذرا دیکھو تو یہ مسکرانا دِل بچانا بچانا بچانا

گانا نمبر ۸

چپکے سے کچھ دِل نے کہا اور آپ نظر میں آ بھی گئے
بلن بھا ہماری نظروں کا اور آپ اُدھر شرما بھی گئے
پہلے پہلے دیکھا جو تمہیں میری نظر میں پھول کھلے
پھر یہ تمنا کی دِل میں پھولوں کو خوشبو بھی ملے
تم کو خبر یہ کیا نہ ہو ہم تو تمہیں اپنا بھی گئے

چپکے سے کچھ دِل ——

آپ تو بن سوچے سمجھے پیار کا سودا کر بیٹھے
نذر کیا دِل کے بارے آئے ہم کیا کر بیٹھے
ایک طرف کچھ کھو بھی دیا ایک طرف کچھ پا بھی گئے

چپکے سے ——

سوچ تو کیا ہوگا صنم تجھ کو اگر رسوا کر دیں
عشق کا ہم چرچا کر کے حسن کو بے پردہ کر دیں
ہم نے زباں کھولی بھی نہیں دیکھ تو تم گھبرا بھی گئے

چھپکے سے

گانا نمبر ۸

دو قدم اور اے ساتھی قدموں پر زمانہ ہوگا
دامن میں ہمارے اِک دِن دُنیا کا خزانہ ہوگا
موجوں کا جو سینہ چیر راہ نکالی ہے
طوفان سے کہدو ہم نے پتوار سنبھالی ہے
طوفان کو ہمارے آگے سر اپنا جھکانا ہوگا۔ دامن میں ——
سونا اُگلے گا اور چاندی برسے گی
چھونے کو قدم اپنے خود منزل ترسے گی
ہے آج اگر اوروں کا کل اپنا زمانہ ہوگا ۔ دامن میں ——
ہاتھوں میں چاند ہوگا اور راہ میں ستارے
اُمیدوں کی وہ دُنیا اب دُور نہیں پیارے
خوشیوں کی جواں راتوں کا ہر خواب سُہانا ہوگا
دامن میں ——

گانا نمبر ۹ — نوٹیں گی آنکھیں شرمیلی سمبھلنا
کا ٹیں گی نظریں کٹیلی سمبھلنا۔ جھوم جھوم اُٹھے مستانے ہیرے دیوانے
ارے بن پئے بہکے تے پی پی ۔ نوٹیں گی ——
شرم و حیا کے نظر و ادا نے
روپ نے لی انگڑائیاں ہوں دلربا ئیں حیاں وفائیں
لاکھوں گیروں ہیں تمائیاں ہائے ہائے نگاہیں یہ رسیلی چنچلنا
تو یہ نگاہیں یہ رسیلی سمبھلنا ۔ وہ دل ہو جو نہ فدا ہو

دیکھو کے مکھڑا یہ چاند سا آنکھیں ملا لو دل میں بسا لو
چاند کا مکھڑا یہ چاند سا ہائے ہائے یہ پلکیں نشیلی
توبہ یہ پلکیں نشیلی لائی جوانی راتیں سہانی
کالی کالی زلفوں کی چھاؤں میں سارے کے سارے نغمے ہیں
شوخ حسینوں کی اداؤں میں
ہائے ہائے یہ باہیں لچکیلی ۔ توبہ یہ باہیں لچکیلی
گانا یہ جوانی یہ حسین راتیں خدا خیر کرے
آپ سے میری ملاقات خدا خیر کرے
آج ہر چیز پہ چھائی ہوئی مدہوشی ہے
حسن ہے عشق ہے دیرانہ یہ خاموشی ہے
یہ مچلتے ہوئے جذبات خدا خیر کرے ۔ آپ سے ــــ
گدگدانی ہے جوانی میرے ارمانوں کو
کون روکے دل میں اٹھتے ہوئے طوفانوں کو
دل پہ رکھئے ذرا ہاتھ خدا خیر کرے ۔ آپ سے ــ
جانے کیا ہم نے ادھر نیچی نظر سے پوچھا
جانے کیا ہم نے ادھر جان جگر سے پوچھا
یہ سوالوں کے سوالات خدا خیر کرے ۔ آپ سے ــ
رات کو خواب میں آکر تو لپٹ جاتے ہو
پھر یہ کیوں سامنے آتے ہوئے شرماتے ہو
دور ہی دور سے بات خدا خیر کرے ۔ آپ سے ــ
ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
" حصہ دوم	1/4/-	باپ کا قاتل	1/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	خونی خنجری	1/-/-
دھلی کے عیاش	1/-/-	تین ڈاکو	1/-/-
خونیچو کا سایہ	1/4/-	چینی فرشتہ	1/4/-
خونیچو کی بیٹی	1/4/-	جادوگر جاسوس	1/4/-
ڈاکٹر خونیچو	3/-/-	جادوگر حسینہ	1/4/-
ڈاکٹر خونیچو کا انتقام	3/-/-	موت کا مینار	1/4/-
خونی نشان	1/-/-	دو لاشیں	-/12/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	خونی کمند	-/12/-
خونی شہزادہ	1/-/-	سراغرساں	-/12/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	گردش دوران	3/8/-
خونی چراغ	1/4/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

تنن اینڈ پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

ہیرا ہارمونیم گائیڈ

یہ کتاب حال ہی میں
زیر نگرانی عروج سکندر کے
علم موسیقی کے ایک بہت بڑے ماہر سے لکھوا کر شائع
کی گئی ہے۔ اس میں نئے نئے طرزوں کے گانے، راگ،
راگنی غزل، ٹھمری، دادرا، قوالی سینما گانے وغیرہ سرگموں
کو نمبروں کے ذریعہ ایک نئے قاعدے سے سمجھا کر
بیان کیا گیا ہے۔ اس کی مدد سے ایک انجان آدمی
بغیر استاد کے ہارمونیم بجانا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف دو روپے

فلمی اداکاری

فلم میں کام کرنے والے اور بھرتی
ہونے والوں کے لئے اس کتاب
کا پڑھنا بڑا مفید ثابت ہوگا۔ اس میں بتایا گیا
ہے کہ آپ اچھے ایکٹر کس طرح بن سکتے ہیں۔ فلم
میں اداکار بننے کیلئے کیا باتیں ضروری ہیں۔ اس
میں ایسے طریقے بھی بتائے گئے ہیں جن پر عمل
کرنے سے آپ کو فلم کمپنی میں نوکری مل سکتی ہے
فلم کمپنیوں کے پتے بھی دیئے گئے ہیں۔

قیمت صرف دو روپے

ملنے کا پتہ

زتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

[illegible]